**Fazil / TSF**

**22-09-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- نئی **GST** ٹیکس شرحیں آج سے ملک بھر میں لاگو ہوگئی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس نئے ٹیکس نظام کو، آتم نربھر بھارت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ مقامی مصنوعات سازی کو فروغ دے کر **Swadeshi** میں مدد دیں۔

2- وزیر اعظم مودی، آج صبح 5 ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے، کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے، جن میں اروناچل پردیش میں دو بڑے پَن بجلی پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔

3- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج اُڈیشہ میں دوردراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4- نَوراتری کا نو روزہ تہوار، پورے مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ عقیدتمند، دیوی دُرگا کی پوجا کے لیے مندروں میں جمع ہو رہے ہیں۔

5- اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے، فلسطین کی مملکت کو تسلیم کرنے پر، برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کو خبردار کیا ہے۔ اُس نے اِن ملکوں پر دہشت گردی کو صلہ دینے کا الزام عائد کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت نے دبئی میں ایشیاء کپ کے سُپر فور میچ میں، پاکستان کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل

PM GST Reforms

وزیر اعظم نریندر مودی نے، سامان اور خدمات ٹیکس **GST** میں تبدیلیوں کو اگلے مرحلے کی اصلاح قرار دیا ہے، جو بھارت کی معیشت کو تقویت دے گا اور ملک بھر کے متوسط طبقوں، نوجوانوں اور صارفین کو راحت فراہم کرے گا۔

کل قوم سے اپنے خطاب میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ **GST** کی نئی شرحیں، محض ٹیکس میں کٹوتی نہیں ہیں، بلکہ یہ **GST** کی بچت کا ایک اُتسو ہے، جو کہ روزمرہ کی لازمی اشیاء کی لاگت کو کم کرے گا اور خرچ پر مبنی شرح ترقی کو تقویت دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ٹیکس اصلاح کے نفاذ کے ساتھ ملک، آتم نربھر بھارت کی جانب ایک اہم قدم اُٹھا رہا ہے۔

آج سے GST کی نئی شرحیں لاگو ہوگئی ہیں، جو صرف 5 فیصد اور 18 فیصد کو برقرار رکھتے ہوئے 12 فیصد اور 28 فیصد کے ٹیکس زمروں کو ختم کردے گا۔ عیش وعشرت کے سامان کو چھوڑ کر، اِن 2 نئے زمروں میں سبھی اشیاء شامل کی گئی ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ اِن اصلاحات کے ساتھ ملک کی شرح ترقی کی داستان میں تبدیلی آئے گی اور نوجوانوں، متوسط طبقوں، کسانوں، خواتین، دُکانداروں، تاجروں اور صنعت کاروں کو اِس بھارت اُتسو سے بہت زیادہ فائدہ پہنچے گا۔

**SB - PM Modi on Poor Family**

وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی سرکار نے ٹیکس نظام کو آسان بنا دیا ہے۔

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس نئے ڈھانچے کے تحت صرف 5 فیصد اور 18 فیصد زمرے ہی برقرار رہیں گے۔

**SB - PM Modi on Next Gen Tax**

وزیر اعظم نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ گذشتہ 11 سالوں میں 25 کروڑ عوام غربت سے باہر نکلے ہیں۔

وزیر اعظم نے ہر مکاندار سے اپیل کی ہے کہ وہ Swadeshi کی علامت بنیں اور ہر دکان ملک میں ہی تیار کیے گئے سامان سے آراستہ ہونی چاہیے۔

**SB - PM on Swadeshi**

GST Reforms Automobiles

GST بچت اُتسو کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ یہ ملک کے ٹیکس نظام کو آسان تر، شفاف اور عوام دوست بنانے میں ایک نیا باب ہے۔ اگلے دور کی اصلاحات، لازمی اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کے بوجھ کو کم کر کے شہریوں کو براہِ راست راحت فراہم کرنے کے لیے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِن اصلاحات سے ملک کی ترقی کی رفتار میں تیزی آئے گی۔

ایک رپورٹ

**V/C - Aman**

GST اصلاحات آج سے لاگو ہو گئی ہیں۔ اِن اصلاحات سے آٹو موبیلز پر عائد ٹیکس میں خاطر خواہ کٹوتی سے شہریوں کو بڑی راحت فراہم ہوگی۔ دوپہیہ بائیکس اور چھوٹی کاروں پر پہلے 28 فیصد ٹیکس لگتا تھا، جبکہ اب یہ ٹیکس 18 فیصد ہوگا۔ اسی دوران بڑی کاروں پر 40 فیصد ٹیکس ہوگا اور اِن پر سے محصول ختم کر دیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ موٹر کاروں اور موٹر بائیکس کے مینوفیکچرس کے لیے استعمال ہونے والے زیادہ تر کل پرزوں پر عائد ٹیکس کو کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے شہریوں نے کہا کہ گاڑیوں پر GST میں کٹوتی کی وجہ سے اب صارفین کے لیے کاروں تک رسائی مزید آسان ہو جائے گی۔

**S/B - Citizen GNR Mail**

اِن اصلاحات سے ترقی اور اختراع کو فروغ دینے، MSME کی شراکت داری کو آگے بڑھانے اور آتم نربھر بھارت

کے تصور کو حقیقت کی شکل دینے کے، حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔
امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

PM Arunachal Visit

وزیر اعظم نریندر مودی، آج اروناچل پردیش کا دورہ کریں گے۔ وہ ایٹا نگر میں 5 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔
وہ ایک عوامی جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔

**V/C - Rakesh**

اروناچل پردیش کی راجدھانی ایٹا نگر میں آج وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے کے لیے پوری تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ حفاظت کے پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم یہاں 3 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت والے دو بڑے پَن بجلی پروجیکٹوں اور ایک ہزار 291 کروڑ روپے کی مالیت والے بنیادی ڈھانچے کے 10 دیگر پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ پَن بجلی پروجیکٹوں میں 186 میگاواٹ والا Tato پَن بجلی پروجیکٹ اور 240 میگاواٹ والا Heo پَن بجلی پروجیکٹ شامل ہے۔ یہ دونوں پروجیکٹ Shi Yomi ضلعے میں واقع ہیں۔ اِن اقدامات سے ریاست کی بجلی پیداوار کی صلاحیت اور مقامی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔
جناب مودی، مقامی ٹیکس دہندگان، تاجروں اور سرکردہ صنعتکاروں سے بھی، حالیہ GST شرحوں کو معقول بنائے جانے کے اثرات کے بارے میں بات چیت کریں گے۔
ایٹا نگر سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

PM Tripura Visit

وزیر اعظم، نریندر مودی آج دیر گئے تریپورہ کے شہر اُدے پور میں ماتا تریپورہ سُندری مندر کا افتتاح کریں گے، جسے نئے سرے سے تعمیر کیا گیا ہے۔ یہ 51 شکتی پیٹھ مندروں میں سے ایک ہے۔
وزیر اعظم اروناچل پردیش کے دورے کے بعد دوپہر کو اگرتلا پہنچیں گے۔ اِس کے بعد وہ اُدے پور میں گومتی ضلع کے صدر دفتر جائیں گے، جہاں وہ پرشاد اسکیم کے تحت تریپورہ سُندری مندر کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم، مندر میں پوجا ارچنا بھی کریں گے۔ اسی دوران اگرتلا اور اُدے پور میں حفاظت کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔
تفصیل اگرتلا کے ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Kunal**

52 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے صدیوں پُرانے تریپورہ سُندری مندر کی تعمیر نو کی گئی ہے۔ اِس پروجیکٹ کے لیے تریپورہ حکومت 7 کروڑ روپے کا عطیہ دے رہی ہے۔ ریاست کی مالامال ثقافتی وارثت کی مشہور علامت، اِس مندر کی تجدید کاری، اُس کی پائیدار ثقافتی اور روحانی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ اُدے پور میں مہاراجا Dhanya Manikya نے 1501 میں اِس مندر کو تعمیر کیا تھا۔ یہ مندر ملک میں 51 شکتی پیٹھ میں سے ایک ہے اور کولکاتہ کے کالی گھاٹ کالی مندر اور گوہاٹی

کے **Kamakhya** مندر کے بعد مشرقی بھارت میں اِس طرح کا یہ تیسرا مقدس مندر ہے۔ وزیر اعظم کی جانب سے نئے سرے سے تعمیر کیا گیا مندر کا افتتاح، ختم نہ ہونے والی وراثت کو تحفظ اور اُسے فروغ دینے میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

کُنال شندے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے آج اوڈیشہ کے دور دراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی ش گوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی اِسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق گنگوتری، مغربی بنگال، گجرات، کیرالہ، ماہے، کونکن، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، شمالی اندرونی کرناٹک، تلنگانہ اور مغربی مدھیہ پردیش میں بھی کل شدید بارش ہوگی۔

محکمۂ موسمیات نے جھارکھنڈ، انڈومان نیکوبار جزائر، ساحلی آندھر پردیش میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے تین روز کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں شدید بارش جاری رہے گی۔×

Navratri

9 روزہ نوراتری کا تہوار آج سے شروع ہورہا ہے۔ نوراتری دیوی دُرگا اور اُن کے 9 اَوتاروں کی پوجا ارچنا کے لیے وقف ہے۔ سنسکرت میں نوراتری کا مطلب ہے 9 راتیں۔ اِسے مجموعی طور پر **Navdurga** کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ عقیدت مند پورے سال 4 نوراتریاں مناتے ہیں، لیکن صرف دو، **Shardiya** نوراتری اور **Chaitra** نوراتری وسیع پیانے پر منائی جاتی ہیں۔ یہ تہوار دسہرے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا، جو کہ راوَن پر بھگوان رام کی جیت کی علامت ہے۔×

UP - Navratra

آج نوراتروں کا پہلا دن ہے۔ اترپردیش میں، عقیدتمندوں کا مندروں میں اجتماع ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Sushil**

پوری ریاست میں عقیدتمند دیوی منتروں کا جاپ کر رہے ہیں اور دیوی دُرگا، اپنے شَیل پُتری روپ میں اُنہیں آشیرواد دے رہی ہیں۔ لوگ ورت رکھ رہے ہیں اور دیوی کے مختلف مندروں میں پوجا ارچنا کر رہے ہیں۔ لوگ اپنے گھروں

میں کلش ستھاپنا بھی کر رہے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی آج گورکھناتھ مندر میں کلش ستھاپنا کریں گے۔ عقیدتمند، بڑی تعداد میں، طاقت کی دیوی کی پوجا کے لیے، وِندھیاچل اور دیوی پٹن مندروں کے شکتی پیٹھوں پر پہنچ رہے ہیں۔ 9 دن کی اِن تقریبات کے لیے اِن شکتی پیٹھوں پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔

لکھنؤ سے سُشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

J&K - Navratri

جموں و کشمیر میں، کئی زمروں کے حفاظتی انتظامات کے دوران نو روزہ شاردیہ نَوراتری کا تہوار پوری مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ شروع ہوا۔ شری ماتا ویشنو دیوی مندر میں روزانہ 45 ہزار سے زیادہ یاتری، درشن کے لیے آتے ہیں۔ شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ نے نَوراتری کے دوران لوگوں کی بڑی تعداد میں آمد کے پیشِ نظر یاتریوں کی آسانی کے لیے کٹرہ ریلوے اسٹیشن پر رجسٹریشن کے نئے کاؤنٹرز قائم کیے۔

کٹرہ میں ماتا ویشنو دیوی مندر کو دیسی اور غیر ملکی پھولوں سے سجایا گیا ہے اور اِس موقعے پر بھون کے علاقے میں بڑے بڑے پنڈال لگائے گئے ہیں۔

شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے چیف ایگزیکٹو افسر سچن کمار ویشے نے شاردیہ نَوراتری کے اِس موقعے پر عقیدتمندوں کو مبارکباد دی ہے اور اُن کا خیرمقدم کیا ہے نیز اِس امید کا اظہار کیا ہے کہ دنیا بھر سے ہزاروں یاتری، پوجا ارچنا کے لیے یہاں آئیں گے۔×

PM - Navratri

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے نَوراتری پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ جرأت مندی، صبر اور عزم سے پُر، یہ مقدس تہوار ہر ایک کی زندگی میں نئی طاقت اور نیا اعتماد لائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج نَوراتری میں ''ماں **Shailputri**'' کی پوجا ارچنا کا دن ہے۔ جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ ماتا دیوی کے آشرواد اور پیار کے ساتھ ہر ایک کی زندگی، اچھی قسمت اور صحت سے پُر ہو۔×

Seva Parv Affordable Housing

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، یکسر تبدیلی اور ترقی کے لیے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم اپنی خصوصی سیریز سیوا پَرو میں اِس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ کس طرح مودی حکومت نے کم خرچ مکانات اور جدید شہری بنیادی ڈھانچے کو یقینی بنایا ہے، جس سے لاکھوں لوگوں کی زندگی میں آسانی پیدا ہو گئی ہے۔

**Capsul in GNR Mail**

حکومت نے پچھلے 11 سال میں اپنے پختہ عزم کے ساتھ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پورے ملک میں یکسر تبدیلی کا آغاز کیا ہے۔ شہریوں پر مرکوز اصلاحات کے ذریعے زندگی کو مزید سادہ اور آسان تر بنایا گیا ہے۔ اِس عمل میں خاص

طور پر اُن لوگوں کا خیال رکھا گیا ہے، جنہیں پہلے نظرانداز کیا جا رہا تھا، اِن کوششوں میں مناسب قیمتوں کے مکانات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

**S/B - PM Modi Byte**

اس تصور کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے حکومت نے 2 وسیع تر مشن شروع کیے ہیں۔ پردھان منتری آواس یوجنا شہری اور پی ایم آواس یوجنا گرامین، جن کا مقصد کوالٹی والے مکانات کو یقینی بنانا ہے۔ عوام کو اِسمارٹ شہروں کے مشن سے بھی فیضیاب کرانا ہے۔ ]

اِس اسکیم کے تحت ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت والے 7 ہزار 500 پروجیکٹوں سے زیادہ مکمل کیے جا چکے ہیں، جبکہ امرُت اور امرُت دوئم کے تحت، صاف ستھرا پانی اور گندے پانی کی نکاسی کے کنیکشنز، ماحول کے لیے سازگار جگہیں اور پانی کے ذخائر نیز توانائی کی کفایت والی LEDs سے مزین سڑکیں فراہم کی گئی ہیں۔ پورے ملک میں اُجالا اسکیم کے تحت LED بلب فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ پی ایم اُجوّلا کے تحت، ماحول کے لیے سازگار رسوئی، ایک حقیقت بن گئی ہے۔ اب گاؤوں میں جل جیون مشن کے ذریعے صاف ستھرا پانی فراہم کر دیا گیا ہے اور شہروں اور گاؤوں میں سوَچھ بھارت مشن کے تحت، صفائی ستھرائی نظر آ رہی ہے۔

مدھیہ پردیش کے شہر چھندواڑا سے، سُنیتا نے اپنے تجربے سے واقف کرایا، جو جَل جیون مشن کی مستفید ہیں۔

**S/B - Sunita Byte**

بھارت، گلیوں اور گاؤوں میں کونکریٹ، پائپس اور لائٹ کے ذریعے ایک ایسا مستقبل تشکیل دے رہا ہے، جس میں ایک باوقار زندگی کا، نہ صرف وعدہ کیا گیا ہے، بلکہ اِس طرح کی زندگی جینے کا موقع بھی ملے گا۔×

<u>HEALTH MINISTER</u>

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ **Swasth Nari Sashakt Parivar Abhiyan** کے تحت اِس ماہ کی بیس تاریخ تک ملک بھر میں 2 لاکھ 83 ہزار سے زیادہ صحت سے متعلق کیمپوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

17 ستمبر کو شروع کی گئی اس مہم میں ملک بھر کی خواتین ، بچوں اور لاکھوں کنبے پورے جوش کے ساتھ شرکت کر رہے ہیں، جس سے انھیں صحت کی معیاری خدمات سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ 76 لاکھ سے زیادہ شہریوں نے اِس مہم کیلئے اندراج کرایا ہے۔×

<u>Israel PM Palestitnian</u>

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کو اِن تین ملکوں کی طرف سے فلسطین کی مملکت کو تسلیم کیے جانے کے بعد انہیں خبردار کیا ہے۔ اسرائیل نے اِن ملکوں پر الزام عائد کیا ہے کہ یہ ممالک دہشت گردی کو صلہ دے رہے ہیں۔

اسرائیل کے وزیر اعظم نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ دریائے اُردن کے مغرب میں کوئی فلسطینی مملکت نہیں ہوگی۔ نیتن یاہو کے اِس بیان میں اُن کی حکومت کے جنگ کے مقاصد اور غزہ پٹّی میں لگاتار بمباری کے ارادے ظاہر ہوتے ہیں۔

فلسطینی مملکت کے اپنی دیرینا مخالفت کو دوہراتے ہوئے اسرائیل کے وزیر اعظم نے، مغربی کناروں میں اسرائیلی بستیوں کو توسیع دینے کی قسم کھائی ہے۔

نیتن یاہو نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک دونوں طرف سے زبردست دباؤ کے باوجود کئی سال تک دہشت گردانہ مملکت کی تشکیل کی روک تھام کی۔×

Cricket - Asia Cup Win

بھارت نے دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ایشیا کپ **2025** کے سُپر فور مرحلے میں پاکستان کو **6** وکٹ سے ہرا دیا۔ پاکستان نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت کو جیت کے لیے **172** رن کا نشانہ دیا، جسے اُس نے **4** وکٹ کھو کر **173** رن بنا کر حاصل کرلیا۔ اِس جیت میں سلامی بلّے بازوں ابھیشیک شرما اور شُبھمن گِل کے درمیان شاندار **100** رن کی شراکت داری کا زبردست رول رہا۔ **7** دن کے اندر پاکستان کے خلاف بھارت کی یہ دوسری جیت ہے۔ اِس جیت میں بھارت کو اپنے روایتی حریف پر سبقت ثابت کردی ہے۔×

ISRAEL BHARAT

اسرائیل کی فوجوں نے کل غزہ شہر میں کم از کم **31** فلسطینیوں کو ہلاک کر دیا اور سیکڑوں رہائشی عمارتوں کو بم سے اڑا دیا۔ غزہ کی صحت سے متعلق آتھارٹیز کے مطابق اسرائیل ٹینک گھنی آبادی والے شہر میں مزید اندر داخل ہوگئی ہے۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ اس کی فوجوں نے ملیٹنٹس کو ہلاک کرتے ہوئے اور ہتھیاروں کا پتہ لگانے کیلئے پچھلے چند روز میں غزہ شہری علاقوں میں اپنی کارروائی تیز کر دی ہیں۔ عینی شاہدین نے کہا ہے کہ اسرائیلی ٹینک جنوبی مغربی نواحی علاقے **Tel AL Hawa** کے ذریعے مغرب کے جانب پیش قدمی کر رہے ہیں۔ یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب اسرائیل کے کچھ مغربی اتحادیوں نے اعلان کیا کہ وہ اس ہفتے اقوام متحدہ میں لیڈروں کی سالانہ کانفرنس سے پہلے باضابطہ طور پر ایک فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لیں گے۔×

USA H-!B Visa

واشنگٹن میں، بھارتی سفارتخانے نے اُن بھارتی شہریوں کی مدد کے لیے ایمرجنسی نمبر جاری کیے ہیں، جنہیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے، **H-1B** ویزا درخواستوں پر ایک لاکھ ڈالر کی سالانہ فیس کے اعلان کے بعد فوری مدد کی ضرورت ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ جن بھارتی شہریوں کو ہنگامی مدد کی ضرورت ہے، وہ اِس نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

پلَس ایک - دو صفر دو - پانچ پانچ صفر - نو نو تین ایک

اسی دوران بھارتی حکومت نے اپنے سبھی مشنوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اُن بھارتی شہریوں کی ہر ممکن مدد کریں، جنہیں اگلے **24** گھنٹے کے دوران امریکہ واپس آنا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، ایک اعلامیے پر دستخط کیے ہیں، جس کے تحت H-1B ویزا درخواستوں پر ایک لاکھ امریکی ڈالر کی سالانہ فیس عائد کی گئی ہے۔
امریکی انتظامیہ کے ایک سینئر افسر نے وضاحت کی ہے کہ یہ اضافہ شدہ فیس، H-1B ویزا کی صرف تازہ درخواستوں پر عائد ہوگی نہ کہ اُن لوگوں پر جن کے پاس یہ ویزا پہلے سے ہے یا جو اپنے ویزا کی تجدید کرا رہے ہیں۔
اِس قدم سے بھارت کے تکنیکی پیشہ ور افراد اور اِن کی آمدنی پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں تشویش پائی جا رہی ہے۔
جن لوگوں کے پاس H-1B ویزا ہے، اُن میں سے تقریباً 71 فیصد لوگ بھارتی شہری ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: شاہد
شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے کل وزیر اعظم کے ذریعے قوم کے نام دیے گئے خطاب سے متعلق خبر کو صفحہ اول کی سرخی بنایا ہے۔ جس میں وزیر اعظم مودی نے جی ایس ٹی 2.O کی اہم اصلاحات کا اعلان کیا۔ روز نامہ انقلاب کی سرخی ہے: ''وزیر اعظم نے جی ایس ٹی اصلاحات کو بچت اتسو قرار دیا''۔اس ضمن میں روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ذیلی سرخی ہے: ''نئی اصلاحات کے تحت اب زیادہ تر روز مرہ کی ضروریات پر رہیں گے صرف پانچ فیصد اور اٹھارہ فیصد کے دو ٹیکس سلیب''۔ روز نامہ پرتاپ نے اسے وزیر اعظم مودی کی طرف سے نوراتری کا تحفہ قرار دیا۔

وزیر اعظم مودی آج اروناچل پردیش اور تریپورا کا دورہ کریں گے اور وہاں 5100 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اس سے متعلق خبر کو روزنامہ پرتاپ نے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔
فلسطین کولیکر دہائیوں پر محیط مغربی خارجہ پالیسی میں ایک بڑی تبدیلی آئی ہے، اس سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: '' برطانیہ، آسٹریلیا اور کناڈا نے فلسطین کوتسلیم کر لیا''۔ اخبار کے مطابق برطانوی وزیر اعظم کیر اسٹارمر نے کہا کہ امن کی امید کو بحال کرنے اور دو ریاستی حل کیلئے برطانیہ رسمی طور پر فلسطین کے ریاست کوتسلیم کرتاہے۔ جبکہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے مطابق یہ فیصلہ ان کے وجود کو خطرے میں ڈالنے والا ثابت ہوگا۔لیکن یوروپی کمیشن کا کہنا ہے کہ دو ریاستی حل ہی مسئلے کا حل ہے مگر اسرائیل اسے کمزور کر رہا ہے۔
ایشیا کپ ٹی 20 کرکٹ کے سپر فور مرحلے میں کل بھارت کے روایتی حریف پاکستان پر بھارت کی شاندار جیت کو بھی اخبارات نے نمایاں کرکے شائع کیاہے۔ ابھیشیک شرما (74) اور شبھمن گِل (47) کی طوفانی بلے بازی کی بدولت بھارت نے پاکستان کو 6 وکٹ سے شکست دے دی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- نئی GST ٹیکس شرحیں آج سے ملک بھر میں لاگو ہوگئی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس نئے ٹیکس نظام کو، آتم نربھر بھارت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ مقامی مصنوعات سازی کو فروغ دے کر Swadeshi میں مدد دیں۔

2- وزیر اعظم مودی، آج صبح 5 ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے، کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے، جن میں اروناچل پردیش میں دو بڑے پَن بجلی پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔

3- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج اُڈیشہ میں دوردراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4- نَوراتری کا نو روزہ تہوار، پورے مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ عقیدتمند، دیوی دُرگا کی پوجا کے لیے مندروں میں جمع ہو رہے ہیں۔

5- اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے، فلسطین کی مملکت کو تسلیم کرنے پر، برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کو خبردار کیا ہے۔ اُس نے اِن ملکوں پر دہشت گردی کو صلہ دینے کا الزام عائد کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت نے دبئی میں ایشیاء کپ کے سُپر فور میچ میں، پاکستان کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---